HBL

تیسرے عبوری منافع منقسمہ کی ادائیگی D-2022(III)

حبیب بینک لمیٹڈ ("بینک") کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بتاریخ 26 اکتوبر 2022 کو منعقد ہونے والے اجلاس میں 30 ستمبر 2022 کو ختم ہونے والی تیسری سہ ماہی کے لیے 15 فیصد عبوری منافع منقسمہ (بحساب 1.50 روپے فی شیئر)، 07 نومبر 2022 کو کاروباری اختتام پر حقدار شیئر ہولڈرز کو دینے کا اعلان کیا ہے۔

مذکورہ عبوری منافع منقسمہ 18 نومبر 2022 تک اُن شیئر ہولڈرز کو کریڈٹ کیا جاچکا ہے، جنھوں نے موثر انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبرز (IBAN) کی تفصیل فراہم کی ہے۔ موجودہ شیئرز کی تعداد، منافع منقسمہ کی ٹوٹل رقم، ٹیکس اور زکوۃ کی کٹوتی اور متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں جمع کی جانے والی رقم کی تفصیل سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) پر قانون کے تحت اپ لوڈ کی جاچکی ہے۔

شیئر ہولڈرز اپنے ریکارڈ اور ٹیکس فائلنگ کے لیے سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر سے مندرجہ بالا تفصیلات حاصل کرسکتے ہیں۔ انہیں ای ڈیویڈنڈ کے لیے https://csp.cdcaccess.com.pk/#/login پر رجسٹریشن کروانی ہوگی۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق بینک کی جانب سے موثر IBAN کی تفصیلات فراہم نہ کرنے والے شیئر ہولڈرز کو منافع منقسمہ کی ادائیگی روک دی گئی ہے۔ ان شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیل (بشمول موثر سی این آئی سی کی کاپی) درج ذیل پتہ پر فراہم کریں یا پارٹسپنٹ / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز آف سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (جو بھی معاملہ ہو) سے رابطہ کریں۔

میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ

سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک 'B'

ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، مین شاہراہِ فیصل،

کراچی۔ 74400، پاکستان

ٹیلی فون: (ٹول فری) 0800-23275

ای میل: info@cdcsrsl.com

ویب سائٹ: www.cdcsrsl.com

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اور فارمز) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 19 کے مطابق فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو تجویز دی جاتی ہے کہ:

- ان کی لازمی معلومات جیسے CNIC نمبر، پتہ، ای میل ایڈریس، رابطہ موبائل / ٹیلی فون نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) وغیرہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو ان کے مذکورہ پتے پر فوری طور پر فراہم کریں تاکہ قانون کی عدم تعمیل یا مستقبل میں کسی تکلیف سے بچا جاسکے۔
- کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72(2) میں وضاحت کے مطابق اپنے فزیکل شیئرز کو بغیر تحریری شکل میں رکھنے کی ترغیب دی گئی ہے، یعنی "ہر موجودہ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کے ساتھ تبدیل کرنے کی ضرورت ہوگی اور ایس ای سی پی کی طرف سے مطلع کردہ تاریخ تک، ایکٹ کے آغاز سے چار سال سے زیادہ نہ ہونے کی مدت کے اندر ہوجیسا کہ بیان کیا گیا ہے۔

کراچی
22 نومبر 2022

عظمان نوید چوہدری
کمپنی سیکریٹری

26cm x2col for The daily Jang